نوٹ : ملکی ابتر اقتصادی حالات کی وجہ سے ہر شعبہ میں داخلہ اس سال محدود ہوگا۔ اس لئے اوقات مقررہ کے بعد آنے والے طلباء کو کسی بھی درجہ میں داخلہ نہیں دیا جائیگا۔

**دارالعلوم میں حسب سابق بین الاقوامی پریس کے نمائندوں کی آمد :**

عراق پر امریکی جارحیت کے بعد بین الاقوامی شہرت کی حامل نیوز ایجنسی "رائیٹر" کے نمائندوں نے دارالعلوم آکر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے امریکی جارحیت، افغانستان کی تازہ صورتحال، ملکی اور عالم اسلام کی سیاست پر تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اسی طرح امریکہ کے بہت مشہور اور معروف اخبار "واشنگٹن پوسٹ" (Washington Post) کے بیورو چیف TIM WEINER نے بھی دارالعلوم کا دورہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے طالبان اور پاکستانی سیاست پر مولانا کا مؤقف دریافت کیا۔ اور ایک تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اس سے قبل ۶۔ نومبر کو بین الاقوامی شہرت کے حامل ٹی وی چینل سی این این (CNN) نے حضرت مولانا مدظلہ کا انٹرویو ٹیلی کاسٹ کیا۔ مولانا کا یہ انٹرویو عظیم مجاہد، عالم اسلام کے ہیرو اسامہ بن لادن پر مبنی پروگرام میں شامل تھا۔ اسی طرح یہ انٹرویو انٹرنیٹ پر بھی کروڑوں ناظرین نے دیکھا۔

**تعطیلات کے باوجود دارالعلوم کی علمی وروحانی رونقیں بحال :** اس سال بھی حسب سابق الحمدللہ حضرت شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ کے دورہ تفسیر کی وجہ سے طلباء کی ایک کثیر تعداد دارالعلوم میں موجود ہے۔ دورہ تفسیر میں تقریباً سات سو طلباء شریک ہیں اور ایک بڑی تعداد کو دارالعلوم کی اقتصادی اور مالی مشکلات کی وجہ سے داخلہ نہ مل سکا۔ اور اس کے ساتھ شعبہ حفظ و تجوید اور شعبہ تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول اور وسط ایشیاء کی ریاستوں کے طلباء بھی اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ جس کی وجہ سے دارالعلوم میں تعطیلات والی فضاء محسوس نہیں ہوتی۔ اور دارالعلوم کی رونقیں بدستور بحال ہیں۔ دارالحفظ کے چھوٹے حفاظ کرام دارالعلوم کی جامع مسجد میں اس سال بھی حسب سابق شبینہ میں ختم قرآن کریم سنانے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆